پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبہ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

01 مارچ 2019

یو، پی پوسٹل پرائمری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، لکھنؤ، اتر پردیش۔ جرمانہ عائد

ریزرو بینک آف انڈیا نے یو، پی پوسٹل پرائمری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، لکھنؤ برانچ پر پانچ لاکھ روپئے (Rs.5,00,000) کا مالیاتی جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(I)(C) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے عائد کیا ہے۔ ریزرو بینک نے یہ جرمانہ اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی کی ہدایات/ رہنما خطوط جو اس بینک کو سپروائزری ہدایات سے متعلق تھے کی خلاف ورزی کرنے، پروڈینشیل نارمس، انٹر بینک کاؤنٹر پارٹی لمٹ، انویسٹمنٹ لین دین کا کنکرنٹ آڈٹ، کریڈٹ انفارمیشن کمپنیز کی ممبر شپ، آمدنی کی پہچان اور دیگر معاملات سے متعلق پراویزننگ، اثاثوں کی درجہ بندی، بینک کے روزمرہ کے کاموں میں ڈائریکٹرس کا دخل، کے وائی سی/ اے ایم ایل سے متعلق رہنما خطوط اور بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 29 کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے عائد کیا گیا ہے۔

ریزرو بینک نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا اس کے جواب میں اس بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا۔ معاملہ کی نوعیت وحقیقت پر نیز بینک کے تحریری جواب پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور اس پر جرمانہ عائد کردیا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 2076/2018-2019